سوال

(367) مفقود الخبر کے لئے چار سال کی وجہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اخبار اہل حدیث 8 ستمبر 33 سہ بر صفحہ 9 میں مفقود الخبر کی بیوی کی عدت چار سال واسطے نکاح ثانی کے ہے۔ اس کی وجہ مضمون نویس نے یہ لکھی۔ کہ بحوالہ ایک حدیث دار قطنی اکثر مدت حمل چار سال ہے۔ چونکہ یہ خلاف واقع ہے۔ اور خلاف قرآن ہے کیا یہ حدیث صحیح ہے مدت انتظاری چار سال فتویٰ کس حدیث کی بناء پر ہے۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس قسم کی دلیلں اقناعی ہوتی ہیں۔ تحقیقی نہیں ہوتیں۔ اقناعی دلیل اس کو کہتے ہیں۔ جس سے ماننے والا تسلی پاسکے چاہے معترض کو اعتراض کی گنجائش ہو۔ (اخبار اہلحدیث امرتسر ص 13۔31 اگست 1934ء)

شرفیہ

یہ معترض کا اعتراض لغو ہے۔ فیصلہ فاروقیہ نہ قرآن کے خلاف ہے۔ اور نہ حدیث کے ورنہ کوئی بیان کرے۔ کہ ہو کون سی آیت یا حدیث ہے۔ جسکے یہ خلاف ہے۔ کوئی بھی نہیں اور یہ توجیہ مذکور بھی لوگوں کا اپنا خیال ہے۔ جس کا اعتبار نہیں۔ اور دار قطنی کی روایت یہ ہے۔

قوله اي في الهدايه قالت عائشه رضی اللہ تعالی عنها الولد لا يبقى في البطن اكثر من سنتين ولو بطل معزل دار قطنی من طريق جميلة بنت حد عنها ما تزيد المراه في الحمل على سنتين قدر ما يتحول ظل عمود المعزل واخرج من طريق الوليد بن مسلم قال سالت مالكا عن هذا الحديث فقال من يقول هذا هذه جارتنا امراه محمد بن عجلان تحمل كل بطن اربع سنين قال البيهقي ويؤيده قول عمر رضی اللہ عنه تتربص امراه المفقود اربعة اعوام انتهى كذا في دراية تخريج هدايه ص ٧٢٣٤

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے اثر مذکور کو غلط بتایا اپنا تجربہ بھی اثر کے خلاف بتایا اور میں نے خود دہلی کے سادات کے ایک خاندان سے تحقیق کی تھی کہ چار کیا سات سال تک بچے کا پیٹ میں رہنا تجربہ سے ثابت ہو چکا ہے بلکہ اس سے زائید بھی فیصلہ فاروقیہ علاوہ کسی دلیل مستنبط عن الکتاب والسنتہ کے سماع پر بھی ممکن ہے گو مصرح نہیں پھر عامہ صحابہ رضوان اللہ عنہم اجمعین کا اس پر عمل بھی ہے اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور مغیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت صیح نہیں

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انی لاادري ما بقالی فیکم فاقتدوا بالذین من بعدي ابو بکر رضی اللہ عنہ وعمر رضی اللہ عنہ رواہ ترمذي (مشکواۃ ج ۲ ص ۵٦-)

وعن ابن عمر رضی اللہ عنہ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایضا ان اللہ جعل الحق علی لسان عمر رضی اللہ عنہ وقلبہ رواہ ترمذي وفی روایہ ابو داؤد عن ابی زر قال ان اللہ ویضع الحق علی السان عمر رضی اللہ عنہ عمر رضی اللہ عنہ یقول بہ وعن علی رضی اللہ عنہ قال کنا نعد ان السکینہ منطق علی لسان عمر رضی اللہ عنہ رواہ البیھیقی فی الدلائل النبوۃ (مشکواۃ ج ۲ ص ۵۵۷)

وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من بعض منکم بعدي فسیري اختلافا کثیرا ف فعلیکم بسنتی سنۃ الخلفاء راشدین المھدین تمسکوا بھا وعضوا علیھا بالمنواجذ الحدیث رواہ ابو داؤد وروا الترمذي وابن ماجہ (مشکواۃ ج ۱ ص ۳-)

فتوی یا فیصلہ فاروقیہ ادلہ مذکورہ بالا کی بنا پر ہے اور روایت دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ یعنی اثر صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ثابت نہیں اور توجیہ مذکور فی السوال جب پائی گی اور کتاب وسنت میں مصرح بھی نہیں تو بتلایئے کہ سائل کو کیا جواب دیا جائے یہ کہا جائے کہ جاؤ موج کرو جو چاہو سو کرو پھر سنت خلفا راشدینرضوان اللہ عنہم اجمعین د تمسکوا ابھا وغیرہ ادلہ کا کیا فائدہ ہوگا پس فیصلہ مذکورہ کی ضرورت تھی جو بیان کیا گیا اور صیح تھا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 341

محدث فتویٰ